PUNJAB
Education Foundation

حوالہ نمبر: PEF/QAI/2025/161 تاریخ: 15 ستمبر 2025

محترم سکول مالکان /پرنسپلز/لائسینسیز،

عنوان: سکولز میں جنسی ہراسانی کی روک تھام کیلئے تربیت کا اہتمام

السلام علیکم!

بحوالہ عنوان بالا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن (PEF) اپنے تمام پارٹنر سکولز میں محفوظ اور باوقار تعلیمی ماحول کے قیام کے لیے پر عزم ہے۔ اس سلسلے میں تمام سکول مالکان /پرنسپلز/لائسینسیز کے لیے تربیتی سیشن کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ اس تربیت کا مقصد شرکاء کی سکول کے تناظر میں ہراسانی سے متعلق آگاہی لانا ہے جس سے ایسے واقعات کی شناخت، روک تھام اور موثر ردعمل کی صلاحیت میں بہتری لائی جا سکے اور محفوظ ماحول پیدا کیا جا سکے۔

تربیتی پلان کے تحت تقریباً 18 ہزار سکول مالکان /پرنسپلز/لائسینسیز کو ماسٹر ٹرینرز کے ذریعے تربیتی معلومات فراہم کی جائیں گی۔ ہر سیشن کا دورانیہ دو گھنٹے ہوگا۔ ہر ماسٹر ٹرینر روزانہ 3 سیشن کروائے گا مگر ایک سکول کسی ایک دن صرف کسی ایک سیشن میں شرکت کرے گا۔ تربیتی سیشن 17، 18، 19، 22 اور 23 ستمبر 2025 کو ہوں گے۔

سیشنز کے اوقات درج ذیل ہیں:

- سیشن I : 09:00 بجے تا 11:00 بجے
- سیشن II : 11:30 بجے تا 1:30 بجے
- سیشن III : 02:00 بجے تا 04:00 بجے

پارٹنر سکولز کو آن لائن لاگ اِن کی تفصیلات متعلقہ ماسٹر ٹرینر کی جانب سے فراہم کی جائیں گی۔ تمام سکول مالکان /لائسنسیز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس تربیتی پروگرام میں لازمی طور پر شرکت کریں اور تمام ہدایات کو اپنے اداروں کی فلاح و بہبود کیلئے استعمال کریں۔

توقع کی جاتی ہے کہ آپ اس اہم اقدام میں فعال کردار ادا کرتے ہوئے اپنے سکول کو ایک محفوظ اور باوقار ادارہ بنانے میں معاون ثابت ہوں گے۔

ڈائریکٹر QAI

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A. Main Road,
Gulzar-e-Quaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-9330273 & 75

Regional Office Multan
238-B, Model Town Multan,
Ph: 061-6216399